بینک دولت پاکستان

شعبۂ اسلامی بینکاری

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

آئی بی ڈی سرکلر نمبر 01 برائے 2019ء　　　　　　　　　　یکم مارچ 2019ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز،

تمام اسلامی بینک / اسلامی بینکاری کے ذیلی ادارے اور

اسلامی بینکاری کی برانچوں کے حامل تمام روایتی بینک

محترم / محترمہ،

**’اکاؤنٹنگ اور آڈٹنگ آرگنائزیشن برائے اسلامی مالی ادارے‘ (اے اے او آئی ایف آئی) کے شرعی معیارات کو اختیار کرنا**

اسلامی بینکاری کی صنعت میں شریعہ کی پابندی کا فریم ورک مزید مستحکم بنانے اور شریعہ پر عمل درآمد کو ہم آہنگ بنانے کی غرض سے ’اکاؤنٹنگ اور آڈٹنگ آرگنائزیشن برائے اسلامی مالی ادارے‘ (اے اے او آئی ایف آئی) کے شرعی معیارات نمبر 2 (ڈیبٹ کارڈ، چارج کارڈ اور کریڈٹ کارڈ)، نمبر 5 (ضمانتیں)، نمبر 14 (لیٹر آف کریڈٹ)، نمبر 18 (قبضہ)، نمبر 24 (مشترکہ تمویل) اور نمبر 38 (آن لائن مالی معاملات) فوری طور پر اختیار کرلیے گئے ہیں جو منسلک ضمیمہ-الف میں دی گئی وضاحتوں / ترامیم سے مشروط ہیں۔

مذکورہ معیارات موجودہ ضوابط اور اسٹیٹ بینک کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ دیگر ہدایات کے ساتھ اضافتاً اختیار کیے گئے ہیں اور یہ کسی بھی طرح اُن کا متبادل نہیں ہیں۔

ان ہدایات کی تعمیل نہ ہونے کی صورت میں بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962ء کی متعلقہ شقوں کے تحت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

براہِ مہربانی وصولی سے مطلع فرمائیے۔

منسلکہ: ضمیمہ-الف

آپ کا مخلص

(غلام محمد)

ڈائریکٹر